## Sheppard Pratt Health System –
## Patient Financial Assistance Policy (مریضوں کے لئے مالی اعانت کی پالیسی) – سادہ زبان میں دیا گیا خلاصہ

Sheppard Pratt Health System مریضوں کو اعلی ترین معیار کی دیکھ بھال اور خدمات سر انجام دینے کے لئے وقف ہے۔ Sheppard Pratt اپنے مریضوں کی اعانت کرنے اور وفاقی و ریاست میریلینڈ کے قوانین کی تعمیل کے لئے Financial Assistance Policy (یا FAP) سے منسلک مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرتا ہے۔

<u>مالی اعانت کے لئے اہلیت</u>

Sheppard Pratt FAP کے تحت بعض غیر بیمہ شدہ اور ناقص بیمہ شدہ مریض ہنگامی صورتحال کی لاگت اور طبی ضروریات سے منسلک اسپتال کی خدمات کے لئے مالی امداد حاصل کرنے کے اہل ہوسکتے ہیں۔ بعض خدمات کو خارج کیا گیا ہے جن میں اختیاری خدمات، تعلیمی پروگرام، ریٹریٹ اور روکسٹن ہاؤس شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں، نیزمذکورہ بالا زمروں سے متعلق کوئی بھی ذیلی خدمات شامل نہیں ہیں۔ مزید برآں خانفین آبادی صحت کے نظام کے تحت علیحدہ مالی معاونت پالیسی برائے خانفین کی وجہ سے ایک علیحدہ اور/یا اضافی معاونت کے لئے اہل ہوسکتی ہے۔

FAP کے تحت مالی معاونت کے اہل مریضوں سے ہنگامی یا طبی لحاظ سے ضروری دیکھ بھال کے لئے بیمہ کے مریضوں سے عام طور پر ادا کی جانے والی رقم سے زیادہ معاوضہ وصول نہیں کیا جائے گا۔ اہلیت کی بنیاد خاندان کی کُل آمدنی اور مریض اور/یا ذمہ دار فرد کے خاندان کے افراد کی تعداد پر ہے۔ استعمال کئے جانے والے سالانہ آمدنی کا معیار، وفاقی اندراج میں سالانہ درج کئے جانے والے حالیہ وفاقی غربت سے متعلق ہدایت نامے کا 300 فیصد ہوگا۔ اثاثوں اور واجبات پر بھی غور کیا جائے گا۔ 100% طبی معاوضوں تک مالی معاونت فراہم کی جا سکتی ہے۔

<u>مالی معاونت کے لئے درخواست دینا</u>

مالی معاونت کے خواہاں مریضوں کولازمی طور پر ایک درخواست فارم مکمل کرنا ہوگا اور FAP اور درخواست فارم میں گزارش کردہ معاون دستاویزات فراہم کرنا ہوں گے۔ FAP اور درخواست فارم کی مفت نقل مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سے دستیاب ہے:

| | |
|---|---|
| • ذاتی طور پر: کوئی بھی مقام/دفتر جہاں مریض کا اندراج ہوتا ہو؛ یا<br>Sheppard Pratt میں موجود کانفرنش سنٹر<br>6501 این۔ چارلس اسٹریٹ<br>بالٹیمور، ایم ڈی 21204 | • تحریری طور پر: Sheppard Pratt Health System<br>توجہ: مالی معاونت<br>پی۔ او۔ باکس 6815<br>بالٹیمور، ایم ڈی 21285-6815 |
| • ویب سائٹ: www.sheppardpratt.org/patient-care-and-services/resources/financial-support/ | • فون: (410) 938-3370 (مقامی)<br>(800) 264-0949 (ٹال فری)<br>پیر تا جمعہ، صبح 8:00 تا دوپہر3:00 بجے |

بذریعہ درخواست فارم مدد کے لئے ملاقات طے کرنی ہو تو مریض Sheppard Pratt کے نمائندے سے مندرجہ بالا فون فہرست کردہ نمبر کے ذریعے رابطہ کرسکتا ہے یا Sheppard Pratt کانفرنس سینٹر تشریف لاسکتا ہے۔ FAP، درخواست فارم اور اس سادہ زبان کے خلاصے کے تراجم درخواست پر مندرجہ ذیل زبان میں دستیاب ہیں: ہسپانوی۔ دیگر زبانوں کے لئے درخواست پر ترجمہ کی معاونت مہیا کی جاسکتی ہے۔

<u>مریض کے حقوق</u>

ایسے مریض جو اوپر بیان کردہ مالی امداد کی پالیسی کے معیار پر پورا اترتے ہیں اپنے بل کی ادائیگی پر اسپتال سے مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہے کہ آپ کو غلطی سے قرض کی رقوم وصول کرنے والی کسی ایجنسی کے حوالے کیا گیا ہے تو آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ Sheppard Pratt کے کاروباری دفتر سے 410-938-3370 یا 1-800-264-0949 پر ٹول فری سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

آپ میری لینڈ طبی اعانت کے اہل ہوسکتے ہیں۔ طبی اعانت وفاقی اور ریاستی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ مشترکہ رقوم پر مبنی پروگرام ہے جو معیار اہلیت پر پورا اترنے والے کم آمدن افراد کی صحت سے متعلق آنے والے مکمل اخراجات تک ادا کرتا ہے۔ کچھ معاملات میں آپ کو Sheppard Pratt مالی اعانت کی اہلیت سے قبل اس کوریج کے لئے درخواست دینی پڑسکتی ہے جو خارج بھی ہوسکتی ہے۔

میری لینڈ طبی اعانت کے لئے درخواست کے عمل سے متعلق مزید معلومات کے لئے، براہ کرم اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے فون 1-800-332-6347 یا انٹرنیٹ کے ذریعے رابطہ کیجئے( www.dhr.state.md.us)۔

<u>مریض کی ذمہ داریاں</u>

ادائیگی کرنے کی سکت کے حامل مریضوں کا فرض ہے کہ وہ بروقت ادائیگی کریں۔ Sheppard Pratt یہ پتہ لگانے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے کہ مریض کے کھاتوں میں ٹھیک طریقے سے ادائیگی کی جا رہی ہے اور زیرعلاج مریض یکساں خلاصے کا بیانیہ اسپتال سے خارج ہونے کے اندرون 30 دن حاصل ہونے کی توقع کر سکتے ہیں۔ بیمہ سے متعلق درست معلومات کی فراہمی مریض کی ذمہ داری ہے۔

اگر آپ کے پاس صحت کی کوریج نہیں ہے تو ہم آپ سے بروقت بل کی ادائیگی کی توقع کرتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ Sheppard Pratt FAP کے تحت اہل ہوسکتے ہیں یا آپ بل کی مکمل ادائیگی کے متحمل نہیں ہوسکتے تو آپ مندرجہ بالا فراہم کردہ معلومات کے مطابق ہم سے رابطہ کریں۔

اگر آپ اپنے بل کی مالی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو آپ کو کسی قرض کی رقم وصول کرنے والی کسی ایجنسی کے حوالے کیا جاسکتا ہے۔ مریض کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کی یقین دہانی کرائے کہ اسپتال کو درست اور مکمل معلومات حاصل ہیں۔ اگر آپ کی مالی حیثیت تبدیل ہوتی ہے تو آپ پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ آپ تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے لئے Sheppard Pratt سے رابطہ کریں۔

وہ معالج جو Sheppard Pratt میں مریضوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں، چاہےاسپتال کے اندریا باہر، انہیں علیحدہ سے بل دیا جائے اور ان کے اخراجات آپ کے اسپتال کے اخراجات سے مسنلک گوشوارے میں درج نہیں ہونگے۔

تمام مریض غیر ہنگامی خدمات، طریقہ کار، اور سامان کے کل معاوضوں کا تحریری تخمینہ لگانے کی گزارش اور وصولی کرسکتے ہیں جن سے متعلق توقع کی جاتی ہے کہ یہSheppard Pratt کے ذریعے سے فراہم اور بل ہوں گے۔ قانون کے تحت جس حد تک اجازت دی گئی اور Sheppard Pratt کی پالیسیوں کی پیروی کرتے ہوئے بیرونی مریضوں کے لئے اسپتالوں کی سہولیات، شفاخانوں، سازوسامان، اور غیر معالج خدمات (جیسے غیر معالج ماہرین) کے استعمال پر فیس شامل ہوسکتی ہے، لیکن ان تک محدود نہیں ہے۔

2.1.20 نظر ثانی 4828-1832-0738v7